# قطر میں ملازمت/ ملازمتوں کو تبدیل کرنے کا طریقِ کار کیا ہے؟

قطر کی ریاست میں تمام کارکنان ، کسی 'اجازت نامے' (این او سی) کے بغیر اپنے آجر تبدیل کرسکتےہیں۔



یہ آسانی سے سمجھ میں آنے والا خاکہ ملازمت کی تبدیلی کے لئے ضروری اقدامات کی وضاحت کرتا ہے ۔ ذیل میں دیے گئے اقدامات کا اطلاق نجی شعبے کے ۲۰۰٤ء کے لیبر لاء نمبر١٤ کے دائرے میں آنیوالے کارکنان پر ہوتا ہے۔ ان اقدامات کا اطلاق گھریلو کارکنان، زرعی اور چراگاہ کے کارکنان، اور ماہی گِیروں پربھی ہوتا ہے۔آجرکی تبدیلی کے لیے درج ذیل اقدامات کی پیروی کرنی چاہئیے:

### 1

**کارکن کو مُلازمتیں: (MoL) وزارتِ داخلہ کے برقیاتی نظام کے ذریعے درخواست جمع تبدیل کرنے کے لیے کرانی چاہئیے۔**

- کا فارم پرنٹ کرنا، پُر اور دستخط کرنا چاہئیے۔ نئے آجر کو بھی فارم پر دستخط کرنے اور کمپنی "**آجر تبدیل کریں** "الف- کارکن کو کی سرکاری مہر لگانے کی ضرورت ہے۔ تاہم اگر کارکن ایک نجی گھرانے میں مُلازمتیں تبدیل کررہا ہو، تو نئے آجر کے دستخط کافی ہوں گے۔
- **کے برقیاتی نظام** کے اندر اپنے قطری آئی ڈی (کیو آئی ڈی) اور موبائل فُون نمبر کےبی۔ کارکن کو ہوجانا چاہئیے اور پھر اُس کے بعد دستخط شُدہ فارم **MoL ساتھ لاگ اِن ہو** کی ایک نقل کو اپ لوڈ کرنا چاہئیے۔ موبائل نمبر کا کارکُن کی کیوآئی ڈی سے مُنسلک ہونا ضروری ہے۔

### 2

**درخواست جمع ہوجا نے کے بعد، ایک ای سی (ایمپلائر چینج یعنی آجر کی تبدیلی)نمبر اسکرین پر نمُودار ہوجائے گا۔ یہ نمبر اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ درخواست کامیابی کے ساتھ جمع کرائی جاچُکی ہے۔**

- الف-کارکنان کو ای سی نمبر اپنے پاس محفوظ رکھنا چاہئیے۔
- ب-کسی بھی وقت کارکنان اپنے کیوآئی ڈی **وزارت کی ویب سائٹ** میں لاگ ان کرکےاپنی اور ای سی نمبر کا استعمال کرکے درخواست کی موجودہ سورتحال کاجائزہ لے سکتے ہیں۔
- ج-کارکنان اپنی درخواست کو کسی بھی وقت منسوخ کرسکتے ہیں اس سے پہلِے کہ وہ وزارت کے برقیاتی نظام **MoL’s electronic system** کے ذریعے منظُور ہوجائے۔
- د-منظوری کے بعد بھی کارکنان وزارت کو ایک تحریری درخواست جمع کراکراپنی درخواست کو منسُوخ کرسکتے ہیں، بشطریکہ اُن کے نئے مُلازمتی معاہدے کی تصدیق ابھی نہ کی گئی ہو۔ اُنہیں عربی زبان میں ایک دستخط شُدہ خط جمع کرانا چاہئیے جس میں لیبر ریلیشنزکے سربراہ کو مُخاطب کیا گیا ہو۔ اس خط میں اُنہیں مختصر وضاحت دینی چاہئیے کہ وہ اپنے درخواست کی منسوخی کی درخواست کیوں کررہے ہیں، اور اس کے ساتھ ساتھ ای سی نمبر، جو درخواست جمع کرانے کے وقت فراہم کیا گیا ہو، اور اُن کے کیو آئی ڈی کی ایک نقل اور موبائل فُون نمبر بھی خط میں شامل ہو۔

### 3

**وزارت ، مُلازمت بدلنے کی درخواست کو مُسترد کرسکتی ہے اگر، مثال کے طور پر ، کارکُن نے فارم صحیح طور پر مُکمّل نہ کیا ہو، یا نئے آجر کو اس بات سے منع کیا گیا ہو کہ نئے کارکنان کو بھرتی کیا جائے۔**

### 4

**درخواست پر عمل درآمد شروع ہو جانے کے بعد، کارکن کو وزارت کی جانب سے ایک ایس ایم ایس موصول ہوگا جس میں مُلازمت کی تبدیلی کی تصدیق اور نوٹس کا دورانیہ شامل ہوگا۔ اس موقع موجودہ اور نئے آجران دونوں کو مُطّلع کیا جائے گا۔**

- الف- اگرکارکن نےموجودہ آجر کے لیے ۲ سال یا کم عرصے کے لیے کام کیا ہے تو نوٹس کی مُدّت ۱ ماہ کی ہوگی
- ب- اگرکارکن نےموجودہ آجر کے لیے ۲ سال سے زائدعرصے کے لیے کام کیا ہے تو نوٹس کی مُدّت ۲ماہ کی ہوگی
- ج-وزارت، نوٹس کی مُدّت کےاختتام کی نشاندہی ایس ایم ایس کے ذریعے کرے گی۔
- د-نوٹس کی مُدّت کے دوران، کارکن کو موجودہ آجر کے ساتھ کام جاری رکھنا ہو گا جب تک کہ کارکن اور موجودہ آجر باہمی طور پر نوٹس کی مُدّت کو کم کرنے پرآپس میں مُتّفق نہ ہوجائیں۔

### 5

**ایک بار نوٹس کی مُدّت مُکمّل ہوجائے تو نیا آجر ، مُلازمتی مُعاہدے کومنسٹری آف لیبر یعنی وزارتِ افرادی قُوّت کے ایک کثیرُاللسانی مُعاہدے کے لیے ایک ڈیجیٹل نظام کے ذریعےتیّار کرے گا۔ اس کو کارکن کے نوٹس کی مُدّت**

کے اِختتام سے لے کرتین ماہ کے اندر مکمّل کرانا ضروری ہے۔ معلومات پُر ہوجانے پر، نیا آجر مُلازمتی مُعاہدے کو دستاویزی صورت میں پرنٹ کرے گا جس پر کارکن اور نئے آجر کی جانب سے دستخط کیے جائیں گے۔ اگر کارکن مُعاہدے میں شامل قوانین سے اتفاق کرتا ہے تووہ اس پر دستخط کرسکتا ہے۔

- الف۔نیا آجر ، دستخط شُدہ مُعاہدے کو تصدیق کے لیے وزارت کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے گا۔
- ب۔ معاہدے کی تکمیل کے بعد ، نئے آجر کو تصدیق شُدہ مُعاہدے کی ایک نقل کارکن کو فراہم کرنا ہو گی۔

### 6

**لُازمتی مُعاہدے کی تصدیق ہو جانے کے بعد، نئے آجر کو چاہئیے کہ کارکن کے نئے کیو آئی ڈی کے لیے وزارتِ داخلہ کو ایک درخواست جمع کرائے۔**

### 7

**کارکن اپنی نئی مُلازمت کا آغاز اب کرسکتا/کرسکتی ہے**

اے۔ کارکُن اپنے آجر سے ایک نیا کیوآئی ڈی (مُفت) حاصِل کرے گا۔

### نوٹ

**کارکنان اور آجران تمام اوقات میں مُلازمتی MoL portal سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ مُعاہدے کی ایک نقل کو**

### مُفید لِنکس

- **مُلازمتیں بدلنے کے لیے اپنی درخواست جمع کرائیں**
- **اپنے آجر کی تبدیلی کی درخواست کی صورتحال کا جائزہ لیں**
- **MoL میں افرادی قُوّت سے متعلق کوئی شِکایت جمع کرائیں**

## مَیں کہاں سے مزید معلومات حاصِل کرسکتا ہُوں؟


مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی ٤٠٢٨٨١٠١پر، ای میل info@mol.gov.qa پر، وزارتِ داخلہ سے ہاٹ لائن ویب سائٹ www.mol.gov.qa پر رابطہ کریں یا ہمارے دفاتر کا دورہ کریں۔